ویکسین سے متعلق معلومات کا بیان

Many Vaccine Information Statements are available in Urdu and other languages. See www.immunize.org/vis

ٹیکے کی معلومات کے بہت سارے بیانات اردو اور دوسری زبانوں میں دستیاب ہیں۔ www.immunize.org/vis کریں مالحظہ

# پولیو ویکسین:
# آپ کو کیا جاننے کی ضرورت ہے

## 1. ویکسین کیوں لگوائیں؟

**پولیو ویکسین پولیو** سے بچا سکتی ہے۔

پولیو (یا پولیومائیلائٹس) پولیو وائرس کی وجہ سے ایک معذور کرنے والی اور جان لیوا بیماری ہے، جو کسی شخص کی ریڑھ کی ہڈی کو متاثر کر سکتی ہے، جس سے فالج ہو جاتا ہے۔

پولیو وائرس سے متاثرہ زیادہ تر لوگوں میں کوئی علامات نہیں ہوتیں، اور بہت سے بغیر پیچیدگیوں کے صحت یاب ہو جاتے ہیں۔ کچھ لوگوں کو گلے میں خراش، بخار، تھکاوٹ، متلی، سر درد، یا پیٹ میں درد کا تجربہ ہو گا۔

لوگوں کے ایک چھوٹے سے گروپ میں زیادہ سنگین علامات پیدا ہوں گی جو دماغ اور ریڑھ کی ہڈی کو متاثر کرتی ہیں:
- پیرستھیزیا (ٹانگوں میں پنوں اور سوئیوں کا احساس)،
- مییننجائٹس (گردن توڑ بخار) (ریڑھ کی ہڈی اور/یا دماغ کو ڈھانپنے والا انفیکشن)، یا
- فالج (جسم کے حصوں کو حرکت نہیں دے سکتے) یا بازوؤں، ٹانگوں یا دونوں میں کمزوری۔

فالج پولیو سے منسلک سب سے شدید علامت ہے کیونکہ یہ مستقل معذوری اور موت کا باعث بن سکتا ہے۔

اعضاء کے فالج میں بہتری آ سکتی ہے، لیکن کچھ لوگوں میں 15 سے 40 سال بعد پٹھوں میں درد اور کمزوری پیدا ہو سکتی ہے۔ اسے "پوسٹ پولیو سنڈروم" کہا جاتا ہے۔

امریکہ سے پولیو کا خاتمہ ہو چکا ہے لیکن یہ اب بھی دنیا کے دیگر حصوں میں پایا جاتا ہے۔ اپنے آپ کو بچانے اور ریاستہائے متحدہ امریکہ کو پولیو سے پاک رکھنے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ ویکسینیشن کے ذریعے پولیو کے خلاف آبادی میں اعلیٰ قوت مدافعت (تحفظ) کو برقرار رکھا جائے۔

## 2. پولیو ویکسین

**بچوں** کو عام طور پر 2 ماہ، 4 ماہ، 6-18 ماہ، اور 4-6 سال کی عمر میں پولیو ویکسین کی 4 خوراکیں ملنی چاہئیں۔

زیادہ تر **بالغوں** کو پولیو ویکسین کی ضرورت نہیں ہوتی ہے کیونکہ انہیں پہلے ہی بچوں کے طور پر پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے گئے تھے۔ کچھ بالغوں کو زیادہ خطرہ ہوتا ہے اور انہیں پولیو کے قطرے پلانے پر غور کرنا چاہیے، بشمول:
- دنیا کے بعض حصوں کا سفر کرنے والے لوگ
- لیبارٹری کے کارکن جو پولیو وائرس کو سنبھال سکتے ہیں۔
- نگہداشتِ صحت کرنے والے اہلکار جو ایسے مریضوں کا علاج کر رہے ہوں جنہیں پولیو ہو سکتا ہے
- وہ لوگ جن کے بچوں کو پولیو ویکسین کے قطرے نہیں پلائے گئے (مثال کے طور پر، بین الاقوامی گود لینے والے یا پناہ گزین)

پولیو ویکسین ایک تنہا ویکسین کے طور پر دی جا سکتی ہے، یا ایک مجموعہ ویکسین کے حصے کے طور پر (ایک قسم کی ویکسین جو ایک سے زیادہ ویکسین کو ایک ساتھ ملاتی ہے)۔

پولیو ویکسین دوسری ویکسین کے ساتھ ایک ہی وقت میں دی جا سکتی ہے

## 3. اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے بات کریں

اپنے ویکسین فراہم کنندہ کو بتائیں اگر جو شخص ویکسین لے رہا ہے اسے:
- **پولیو ویکسین کی پچھلی خوراک کے بعد الرجی زا ردِعمل ہوا ہے**، یا کوئی **شدید، جان لیوا الرجیاں ہوں**

کچھ معاملات میں، آپ کا نگہداشت صحت فراہم کنندہ مستقبل کی کسی ملاقات تک پولیو ویکسینیشن کو ملتوی کرنے کا فیصلہ کر سکتا ہے۔

نزلے جیسی معمولی بیماریوں میں مبتلا افراد کو، ٹیکہ لگایا جا سکتا ہے۔ جو لوگ تھوڑے بہت یا شدید بیمار ہیں انہیں عام طور پر پولیو ویکسین لگوانے سے پہلے صحت یاب ہونے تک انتظار کرنا چاہیے۔

U.S. Department of Health and Human Services
Centers for Disease Control and Prevention

حاملہ یا دودھ پلانے والی خواتین کے لیے اس ویکسین کے خطرات کے بارے میں زیادہ معلومات نہیں ہیں۔ تاہم، پولیو ویکسین دی جا سکتی ہے اگر حاملہ شخص کو انفیکشن کا خطرہ بڑھ جائے اور اسے فوری تحفظ کی ضرورت ہو۔

آپ کا نگہداشت صحت فراہم کنندہ آپ کو مزید معلومات دے سکتا ہے۔

## 4. ویکسین کے ردِعمل کے خطرات

- جہاں ٹیکہ لگا ہے اس جگہ پر پولیو ویکسینیشن کے بعد لالی، سوجن یا درد کے ساتھ زخم ہو سکتا ہے۔

لوگ بعض اوقات طبی طریقہ کار، بشمول ویکسینیشن کے بعد بیہوش ہو جاتے ہیں۔ اگر آپ کو چکر آ رہا ہے یا آپ کی بصارت میں تبدیلی آئی ہو یا کانوں میں گھنٹیاں بج رہی ہوں تو اپنے فراہم کنندہ کو بتائیں۔

کسی بھی دوا کی طرح، ویکسین کے شدید الرجی زا ردِعمل، دیگر سنگین چوٹ، یا موت کا باعث بننے کا بہت کم امکان ہوتا ہے۔

## 5. اگر کوئی سنگین مسئلہ ہو تو کیا ہو گا؟

ویکسین شدہ شخص کے کلینک سے نکلنے کے بعد الرجی زا ردِعمل ہو سکتا ہے۔ اگر آپ کو شدید الرجی زا ردِعمل کی علامات نظر آئیں (چھپاکی، چہرے اور گلے میں سوجن، سانس لینے میں دشواری، دل کی تیز دھڑکن، چکر آنا، یا کمزوری)، تو **9-1-1** کو کال کریں اور اس شخص کو قریبی ہسپتال لے جائیں۔

دیگر ایسی علامات کے لیے، جو آپ کے لیے تشویش کا باعث ہوں، اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ کو کال کریں۔

ویکسین کے ناموافق واقعہ کے رپورٹنگ سسٹم (Vaccine Adverse Event Reporting System, VAERS) کو منفی ردِعمل کی اطلاع دی جانی چاہیے۔ آپ کا نگہداشت صحت فراہم کنندہ عام طور پر یہ رپورٹ درج کرائے گا، یا آپ خود بھی کرا سکتے ہیں۔ VAERS ویب سائٹ **www.vaers.hhs.gov** ملاحظہ کریں یا **1-800-822-7967** پر کال کریں۔ *VAERS صرف ردعمل کی اطلاع دینے کے لیے ہے، اور VAERS کے عملے کے اراکین طبی مشورہ نہیں دیتے ہیں۔*

## 6. نیشنل ویکسین انجری کمپنسیشن پروگرام

نیشنل ویکسین انجری کمپنسیشن پروگرام (National Vaccine Injury Compensation Program, VICP) ایک وفاقی پروگرام ہے جو ان لوگوں کو معاوضہ دینے کے لیے تشکیل دیا گیا تھا جنہیں کچھ ویکسینوں سے ضرر پہنچا تھا۔ ویکسینیشن کی وجہ سے مبینہ چوٹ یا موت کے حوالے سے دعوے دائر کرنے کے لیے ایک وقت کی حد ہے، جو دو سال تک مختصر ہو سکتی ہے۔ پروگرام کے بارے میں جاننے اور دعوی دائر کرنے کے بارے میں VICP کی ویب سائٹ **www.hrsa.gov/vaccinecompensation** ملاحظہ فرمائیں یا **1-800-338-2382** پر کال کریں۔

## 7. میں مزید کیسے جان سکتا ہوں؟

- اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے پوچھیں۔
- اپنے مقامی یا ریاستی محکمۂ صحت کو کال کریں۔
- ویکسین پیکج کی پرچی اور اضافی معلومات کے لیے فوڈ اینڈ ڈرگ ایڈمنسٹریشن (Food and Drug Administration, FDA) کی ویب سائٹ یہاں ملاحظہ کریں **www.fda.gov/vaccines-blood-biologics/vaccines**۔
- بیماریوں کے کنٹرول اور روک تھام کے مراکز (Centers for Disease Control and Prevention, CDC) سے رابطہ کریں:
  - کال کریں **1-800-232-4636 (1-800-CDC-INFO)** پر یا
  - CDC کی ویب سائٹ **www.cdc.gov/vaccines** ملاحظہ کریں۔

Urdu translation provided by Immunize.org